نوائے وقت

نوائے کراچی

جسم پر نکلنے والے دانے شدید خارش یا تکلیف کا سبب مگر انفیکشن دو سے تین ہفتوں میں از خود ختم ہو جاتا ہے

گھبرانا نہیں! مونکی پاکس کووڈ 19 کی طرح مہلک نہیں

پی ایم اے

یہ ڈراپ لیٹ انفیکشن، پھٹی جلد، سانس کی نالی، آنکھوں، ناک یا منہ کے ذریعے جسم میں داخل ہوتا، بستر یا تولیے کے مشترکہ استعمال سے بھی انفیکشن ممکن ہے

بخار، سردی لگنا، سر درد، پٹھوں میں درد، تھکاوٹ، مدافعتی گلٹیوں کی سوجن، ہاتھوں اور چہرے پر چکن پاکس جیسے دانے اسکی علامات میں شامل، حکومت چوکس رہے

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ مونکی پاکس کووڈ 19 کی طرح مہلک نہیں اس لیے لوگوں کو گھبرانا نہیں چاہیے کیونکہ بیماری کے دوران جسم پر پیدا ہونے والے دانے ختم ہونے سے پہلے دانے انتہائی خارش یا تکلیف دہ ہو سکتے ہیں لیکن انفیکشن عام طور پر 14 سے 21 دن میں خود ہی ختم ہو جاتا ہے لیکن اس کے باوجود عوام احتیاطی تدابیر اپنائیں، ماسک پہنیں، سماجی فاصلہ رکھیں، مناسب وقفوں سے اپنے ہاتھوں کو دھوئیں یا سینیٹائز کریں، ایک دوسرے سے ہاتھ ملانے اور گلے ملنے سے گریز کریں اور اپنا بستر یا تولیہ کسی کو استعمال نہ کرنے دیں۔ پی ایم باقی صفحہ 09 پر

شہداء آرمی پبلک اسکول کی یاد میں اسٹریٹ لائبریری قائم

کراچی (نیوز رپورٹر) یونی بیس فورم کے زیر اہتمام ناظم آباد پیٹرل پمپ فلائی اوور کے نیچے آرمی پبلک اسکول پشاور کے شہید بچوں کے نام پر اسٹریٹ لائبریری قائم کی جا رہی ہے پی پی ایف پاکستان کے مرکزی صدر ظفر مقصود، نائب صدر حبیب احمد سمیت کراچی ڈویژن کے عہدیدار لائبریری کے قیام کے کام میں مصروف ہیں، اس موقع پر مرکزی صدر پی پی ایف ظفر مقصود کا کہنا تھا کہ شہدائے آرمی پبلک اسکول اسٹریٹ لائبریری گریبی چیلنج 09 پی

سیاستدان، عوام کو نازیبا زبان اور لچر پن سیکھا رہے ہیں: پاسبان

کراچی (نیوز رپورٹر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے وائس چیئرمین پولیٹیکل انجینئر سہیل یعقوب نے کہا ہے کہ ہم تھرڈ پارٹیوں نے ملک کو اکھاڑ دیا ہے۔ سیاست کی گندگی ایک دوسرے کے منہ پر ملتے ملتے اب یہی کیچڑ وہ عوام کی باقی صفحہ 09 پر

صحافیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے

شرجیل میمن

سندھ حکومت صوبے کے صحافیوں کو صحت اور لائف انشورنس کی سہولت دینا چاہتی ہے، سندھ کابینہ میں تجاویز پیش کروں گا، صوبائی وزیر اطلاعات

کراچی یونین آف جرنلسٹس، حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے مشترکہ وفد سے ملاقات، پی ایف یو جے کے صدر جی ایم جمالی و دیگر بھی موجود تھے

کراچی (نیوز رپورٹر) وزیر اطلاعات اور ٹرانسپورٹ سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ وہ سندھ بھر کے صحافیوں کے مسائل کو اچھی طرح جانتے ہیں اور ترجیحی بنیادوں پر صحافیوں کے مسائل حل کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت چاہتی ہے کہ صحافیوں کو صحت اور لائف انشورنس کی سہولت دینے کے لئے منصوبہ شروع کیا جائے جس کے لئے وہ سندھ کابینہ کے سامنے تجاویز پیش کریں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سندھ بھر میں صحافتی تنظیموں اور پریس کلبوں کو جو گرانٹس دی جاتی ہیں وہ صحافیوں کے فلاح و بہبود پر خرچ کی جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی یونین آف جرنلسٹس اور حیدرآباد یونین آف جرنلسٹس کے مشترکہ وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ کے یو جے کے وفد کی قیادت صدر کے یو جے اعجاز احمد اور جنرل سیکریٹری عاجز جمالی کر رہے باقی صفحہ 09 پر

کے یو جے کے صدر اعجاز احمد اور جنرل سیکریٹری عاجز جمالی صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن گلدستہ پیش کر رہے ہیں

عمر عطا بندیال نے ملک میں آئین کو سربلند کیا، رحمت ورگ

چیف جسٹس پاکستان دنیا کی 100 بااثر ترین شخصیات میں شمولیت کے مستحق تھے

کراچی (نیوز رپورٹر) تحریک استقلال کے سربراہ رحمت خان ورگ نے کہا ہے کہ چیف جسٹس پاکستان کی دنیا کی 100 بااثر ترین شخصیات میں شمولیت ان کا استحقاق تھا کیونکہ چیف جسٹس نے حالیہ دنوں میں اپنے فیصلوں سے ملک میں آئین و قانون کو سربلند کیا اور اس اعزاز کے لئے خود کو اہل ثابت کیا۔ رحمت خان ورگ نے کہا کہ چیف جسٹس نے ملک کو آئین و قانون کے مطابق چلانے کے لئے نظریہ ضرورت کو دفن کر دیا۔

مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کرنے والی فنکشنل لیگ خواتین ونگ سندھ کی انفارمیشن سیکریٹری فہمیدہ جھکرانی، سیکریٹری فہمیدہ جھکرانی، ریحانہ شاہنواز، عالیہ وقاص کا صوبائی صدر سورٹھ MPA شاہدہ چانڈیو اور پروین بشیر کے ہمراہ گروپ

فنکشنل لیگ کی فہمیدہ جکھرانی و دیگر مسلم لیگ (ن) میں شامل

قائد نواز شریف، وزیراعظم شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کی پالیسیوں پر اظہار اعتماد

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) میں GDA کی رہنما اور فنکشنل لیگ خواتین ونگ سندھ کی انفارمیشن سیکریٹری فہمیدہ جھکرانی، ریحانہ شاہنواز، عالیہ وقاص نے مسلم لیگ (ن) میں خواتین ونگ سندھ کی صدر و سابق MPA سورٹھ شاہدہ اور ایڈیشنل جنرل سیکریٹری باقی صفحہ 09 پر

میٹرک بورڈ، 58 امیدوار نقل کرتے ہوئے پکڑے گئے

5 افراد اصل امیدواروں کی جگہ، 53 امیدواروں سے نقل کا مواد اور موبائل فون برآمد

کراچی (نیوز رپورٹر) کراچی ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت سالانہ امتحانات جاری ہیں۔ امتحانی پرچوں کے دوران 58 امیدوار نقل میں ملوث پائے گئے۔ چیئرمین بورڈ سید اشرف علی شاہ نے منگل کے روز صبح کی شفٹ میں طبیعات نظری (پرچہ اول) کے امتحان کے دوران مختلف امتحانی باقی صفحہ 09 پر

شیخ عبدالمجید سندھی تاریخ ساز شخصیت تھے، نذیر چنہ، نسیم شاہ

نامور صحافی، سیاستدان اور تحریک پاکستان کے سرگرم رہنما شیخ عبدالمجید سندھی کی یاد میں ایک تقریب

کراچی (نیوز رپورٹر) منصور حلاج فاؤنڈیشن کی جانب سے عوامی پریس کلب ملیر میں نامور صحافی، سیاستدان اور تحریک پاکستان کے سرگرم رہنما شیخ عبدالمجید سندھی کی یاد میں ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں سیاسی و سماجی کارکنان، وکلا، اساتذہ اور صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر تقریب اور منصور حلاج فاؤنڈیشن کے چیئرمین باقی صفحہ 09 پر

شیخ عبدالمجید سندھی کی یاد میں عوامی پریس کلب ملیر میں تقریب منصور حلاج فاؤنڈیشن کے چیئرمین نظیر محمد چنہ ایڈووکیٹ، نسیم شاہ، سامی میمن، پروفیسر ریاض مہندی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

نرسنگ شعبہ میں مؤثر تعلیمی نظام وقت کی اہم ضرورت ہے، مقررین

دنیا بھر میں صحت کے تمام نظاموں میں نرسنگ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، ڈاکٹر ندا حسین، ڈاکٹر سارہ سلمان، ڈاکٹر ایمی ونسلو

ضیاء الدین یونیورسٹی فیکلٹی آف نرسنگ اینڈ مڈوائفری کی جانب سے نرسوں کے عالمی دن کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

کراچی (نیوز رپورٹر) ضیاء الدین یونیورسٹی فیکلٹی آف نرسنگ اینڈ مڈوائفری کے زیر اہتمام نرسز کے عالمی دن کے حوالے سے "نرسنگ کے شعبے میں سرمایہ کاری اور عالمی صحت کے تحفظ کے حقوق کا احترام" کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد نرسوں کے کام کے بارے میں آگاہی بیدار کرنا تھا کہ وہ کس طرح عوام کی صحت اور بہبود میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ضیاء الدین یونیورسٹی کی باقی صفحہ 09 پر

فرزندان پاکستان فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سابق ڈی جی پرائیویٹ اسٹنٹی ٹیوٹ ڈاکٹر منصوب حسین صدیقی کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب سے ڈاکٹر منصوب صدیقی، شہزاد اختر، عباس بلوچ، انیس الرحمٰن، رانا اشفاق رسول اور محمد خلیل راؤ خطاب کر رہے ہیں

جامعہ کراچی، ایم فل، پی ایچ ڈی، ایم ایس اور ایم ڈی میں داخلوں کے لئے فارم جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

کراچی (نیوز رپورٹر) کنوینر پوسٹ گریجویٹ ایڈمیشن کمیٹی ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ پروفیسر ڈاکٹر محمد حارث شعیب کے مطابق ایم فل، پی ایچ ڈی، ایم ایس، ایل ایل ایم، ایم ایس (سرجری) اور ایم ڈی (میڈیسن) میں داخلوں کے لئے فارم جمع کرانے کی تاریخ باقی صفحہ 09 پر

حکومت آزادی صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (پ ر) حکومت آزادی صحافت اور آزادی اظہار پر مکمل یقین رکھتی ہے۔ سی پی این ای کے مطالبے پر اخبارات و جرائد کے اشتہارات کے نرخ میں 25 فیصد اضافہ تجویز کیا ہے اور نیوز انجینئرز کے فنڈز کی بحالی کے لئے وزارت خزانہ کو سمری بھجوا دی ہے۔ یہ بات وفاقی باقی صفحہ 09 پر

بلدیاتی الیکشن، مسلم لیگ نے ٹکٹ اجراء کیلئے کمیٹی قائم کر دی

علی اکبر گجر چیئرمین، ناصر محمود سیکریٹری ہونگے، ڈویژن و ضلعی صدور بھی کمیٹی میں شامل

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کے صدر سید شاہ محمد شاہ اور جنرل سیکریٹری سندھ، ڈاکٹر مفتاح اسماعیل نے باہمی مشاورت سے کراچی میں ہونے والے لوکل گورنمنٹ الیکشن میں امیدواروں کو پارٹی ٹکٹ جاری کرنے کے لیے کراچی کی سطح کی پارلیمانی کمیٹی کا اعلان کر دیا جس کے چیئرمین صوبہ سندھ کے سینئر نائب صدر علی اکبر گجر اور سیکریٹری باقی صفحہ 09 پر

پاکستان مسلم لیگ ن سندھ کی جانب سے آئندہ بلدیاتی انتخابات کے لیے جاری کردہ درخواست فارم مسلم لیگ ہاؤس کراچی ہاؤس میں ضلعی صدور علی عاشق گجر، رانا محمد وارث، عظیم قادری و دیگر کے حوالے کئے جا رہے ہیں

خود کو موبائل کی دنیا میں قید نہ کریں، پروفیسر سروش لودھی

سوشل میڈیا کے قیدی نوجوان سماجی سرگرمیوں سے دور ہوتے جا رہے، سیمینار سے خطاب

کراچی (نیوز رپورٹر) سوشل میڈیا کے معاشرے پر اثرات" کے عنوان سے این ای ڈی یونی ورسٹی کے ایڈوانسڈ اینڈ فنکشنل اسٹڈیز (UAFA) کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد میکینکل ہال میں کیا گیا، جس کی صدارت شیخ الجامعہ این ای ڈی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر سروش لودھی نے کی۔ استقبالیہ نے خطاب کرتے ہوئے ڈین فیکلٹی آف آرکیٹیکچر اینڈ مینجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر نعمان احمد نے کہا کہ سوشل میڈیا کے قیدی نوجوان سماجی سرگرمیوں سے ہوتے باقی صفحہ 09 پر

ایم کیو ایس سی کے خیرآباد میں آفس کے افتتاح پر اسلم فاروقی پاک فوج کے شہداء کی احترام کیلئے دعا کر رہے ہیں

اساتذہ کو جدید طریقہ تعلیم پر توجہ دینا ہوگی، ڈاکٹر منصوب صدیقی

فرزندان پاکستان فاؤنڈیشن کے تحت ڈاکٹر منصوب صدیقی کے اعزاز میں الوداعی تقریب

کراچی (نیوز رپورٹر) ہمارے اساتذہ کو جدید طریقوں کے مطابق درس و تدریس کا اہتمام کرنا چاہیے۔ آجکل ای لرننگ کا دور دور ہے۔ ہمیں بھی اس کو اپنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار سابق ڈی جی پرائیوٹ انسٹیٹیوٹ سندھ ڈاکٹر منصوب صدیقی نے اپنے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کا اہتمام فرزندان فاؤنڈیشن نے کیا تھا۔ ڈاکٹر منصوب صدیقی باقی صفحہ 09 پر

ملک میں سیاسی افراتفری عوام دشمن سازش کا حصہ ہے۔ اسلم فاروقی

اورنگی آفس کے افتتاح پر شہید جوانوں کے ایصال ثواب و سیت ملک کیلئے خصوصی دعا کی گئی

کراچی (نیوز رپورٹر) بانیان پاکستان کی اولادوں کی سماجی تنظیم محبت قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے بانی و چیئرمین محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ ملک میں سیاسی افراتفری عوام دشمن سازش کا حصہ ہے یہ بات انہوں نے خیرآباد اورنگی ٹاؤن میں آفس کے افتتاح کی باقی صفحہ 09 پر

شیر شاہ ذاکراتی کمیٹی کی ایم ڈی واٹر بورڈ سے میٹنگ

کراچی (نیوز رپورٹر) شیر شاہ کالونی میں پانی کے شدید ترین بحران پر ہونے والے دھرنے کے نتیجے میں ایم ڈی واٹر بورڈ کے دفتر میں ذاکراتی میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ میں واٹر بورڈ کی باقی صفحہ 09 پر

عمران خان ناکام سیاست دان اور بدترین وزیراعظم تھے۔ دانش چیمہ

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع وسطی کے سینئر رہنما اور کوآرڈینیٹر PS-129 سے امیدوار برائے چیئرمین UC-8 باقی صفحہ 09 پر

ایس ایم آئی یو ماڈل اسکول کیلئے علیحدہ بجٹ مختص کرنے کی اپیل

کراچی (نیوز رپورٹر) سندھ مدرسۃ الاسلام یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مجیب الدین صحرائی میمن نے اکبر باقی صفحہ 09 پر

ٹائم پے اسکیل پر عملدرآمد، وائس چانسلر جامعہ کراچی سے اظہار تشکر

کراچی (نیوز رپورٹر) کراچی یونیورسٹی آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر و ممبر سنڈیکیٹ جامعہ کراچی ڈاکٹر محمد حسان اوج کی باقی صفحہ 09 پر

انٹرنیشنل بیکلوریٹ پروگرام کے لیے مسابقتی فارمولہ اپ گریڈ

کراچی (نیوز رپورٹر) انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) کی مسابقتی کمیٹی نے مئی 2022 کے امتحانی سیشن سے انٹرنیشنل بیکلوریٹ (IB) پروگرام کے طلبا کے لیے مسابقتی فارمولہ کو اپ گریڈ کر دیا ہے۔ مڈل ایئرز پروگرام (MYP) اور ڈپلومہ پروگرام (DP) کے گریڈز کے لیے نظرثانی شدہ مسابقتی فارمولہ کے مطابق آئی بی کے اعلیٰ ترین یعنی 7 گریڈ حاصل کرنے والے طلبا کے نمبرز پاکستان کے تعلیمی بورڈ میں باقی صفحہ 09 پر

متحدہ عرب امارات کے قونصلیٹ جنرل ڈاکٹر سالم الظہیم الدھنانی سے نثار شر تعزیت کر رہے ہیں

نثار شر کی متحدہ عرب امارات کے قونصلیٹ جنرل سے تعزیت

کراچی (نیوز رپورٹر) سیاسی و سماجی رہنما نثار شر کراچی میں متحدہ عرب امارات کے قونصلیٹ جنرل ڈاکٹر سالم الظہیم الدھنانی سے ملاقات کر کے متحدہ عرب امارات کے حکمران شیخ خلیفہ کی وفات پر تعزیت کی۔ نثار شر نے کہا کہ مسلم دنیا کے لئے شیخ خلیفہ کی خدمات قابل تعریف ہیں۔ اس موقع پر کرنل انجم اور راحیل منہاس بھی موجود تھے۔

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد نمبر D-181 لال ٹاؤن لاہور حصہ رقبہ 02 کنال پر مسمات سیدہ اصغری بیگم زوجہ سید محمد رضا رکن سوسائٹی ہیں۔ الاٹ شیئر فولیو نمبر 1659 شیئر نمبر 2056 مورخہ 26-12-1989 ہے۔ آمدہ درخواست جناب زاہد رضا ولد سید محمد رضا نے کوہ جائیداد نمبر D-181 لال ٹاؤن لاہور رقبہ 02 کنال بذریعہ رجسٹری ... نمبر 4485 بی نمبر 1 جلد نمبر 162 مورخہ 12-04-2003 سب رجسٹرار نشتر ٹاؤن لاہور جناب مسمات اصغری بیگم زوجہ سید محمد رضا سے خرید کی ہے جبکہ الاٹ اصل شیئر فولیو گمشدگی پر تھانہ لال ٹاؤن لاہور کی گمشدگی رپورٹ فراہم کی ہے۔ ممبر شپ کیلئے موصول ہوئی ہے۔ اگر کسی شخص، ادارے، بینک یا ایجنسی کو اصل شیئر فولیو کی گمشدگی پر کوئی اعتراض، اعذر، رہن یا حق ہو تو وہ 15 یوم بتاریخ اشتہار ہذا تحریری طور پر مطلع کریں بصورت دیگر مقررہ مدت گزرنے کے بعد کوئی اعتراض، اعذر قابل قبول نہ ہوگا اور سوسائٹی کی طرف سے آمدہ درخواست برائے ممبر شپ پر کارروائی مکمل کرنے کی مجاز ہوگی۔

الشتہر سیکرٹری لال ٹاؤن سوسائٹی لاہور

HUBCO

غیر ملکی وارانٹ ہولڈرز شیئر سرٹیفکیٹس پر ملکی وارانٹ کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز کو آخری نوٹس (فیز I اور فیز II)

www.hubpower.com

info.shares@tanco.com.pk | 021-34380106 | 021-34380101-05

2022 مئی 25

HEADQUARTERS FRONTIER WORKS ORGANIZATION
CORRIGENDUM TO TENDER NOTICE

1. Notice of Tender for "HMT Contract FY-2022/22" was published on PPRA website and published in Daily The Express Tribune' and Daily Nawa-e-Waqt on 12 May 2022 with opening date 25 May 2022.
2. Following amendment has been made:-

Ser	Activity	FOR	READ
a.	Date of collection of Tender documents	13 May 2022 to 24 May 2022	24 May to 12 Jun 2022
b.	Date of submission of Tender Document	25 May 2022 at 1000 hrs	13 Jun 2022 at 1000 hrs
c.	Date of Opening of Tender	25 May 2022 at 1030 hrs	13 Jun 2022 at 1030 hrs

Note: This tender notice is also available on the website: www.ppra.org.pk
Address:- Assistant Director Supply and Transport
Headquarters Frontier Works Organization
509 Kashmir Road, R.A Bazar Rawalpindi
Telephone: 0519271331

اطلاع عام

ہر عام و خاص کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ موضع شہکانی در تحصیل و ضلع گوادر میں واقع اراضیات زیر کھتونی نمبر 7، کھیوٹ نمبر 7، بحوالہ انتقال نمبر 1193، خسرہ نمبر 251، کیٹگری B، کمرشل (برطابق گوادر ماسٹر پلان) کھتونی، جام محمد جان ولد کریم بخش، قوم بلوچ سکنہ محلہ گھوری وارڈ گوادر کے تحت ایک ایکڑ اراضی کا سودا بذریعہ رانا محمد طاہر سے برائے ہمارے معزز کلائنٹ ندیم اسلم ولد محمد اسلم، شناختی کارڈ نمبر 91506-0151437-7 سکنہ ڈاکخانہ چکلالہ لیاقت باغ راولپنڈی کیلئے طے پایا ہے۔ مذکورہ سودے پر اگر کسی شخص/کمپنی/ادارے وغیرہ کو کوئی عذر یا دعویٰ ہو تو وہ اپنے اعتراضات بمعہ مکمل ثبوت کے ساتھ 7 یوم کے اندر اندر ہمارے ادارے کو پیش کرے بعد ازیں کوئی بھی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اور قانونی کارروائی مکمل کر لی جائیگی۔

المشتہر: محمد عظیم، پراپرٹی ٹریڈ میرین ڈرائیو گوادر، رابطہ: 0321-8423211

CORRIGENDUM

REQUEST FOR PROPOSAL
SUPPLY OF HIGH SPEED DIESEL (HSD) FOR BALLOKI POWER PLANT, DISTRICT KASUR, PUNJAB
RFP NO. 2B-RLNG POWER PLANT (HSD-4)

With reference to the advertisement published in National Press with No. PID(L)3540 on Wednesday, May 11th, 2022 for Request for Proposal (RFP) for Supply of High Speed Diesel (HSD) for Balloki Power Plant, District Kasur, Punjab.
The date of submission of bids has been extended up to June 7th, 2022 till 02:00 PM. The Technical Bids will be opened on the same date i.e., June 7th, 2022 at 3:00 PM. All other terms and conditions will remain unchanged.

PID(L)3743

General Manager (Admin & HR)
National Power Parks Management Company (Private) Limited.
Second Floor, 7C-1, Gulberg-III, Lahore. Tel: +92 42 35759276

چیف ایڈیٹر: رمیزہ مجید نظامی

ہفت روزہ ABC سے تصدیق شدہ اشاعت

ملت ڈائجسٹ لاہور

قیمت 25 روپے

ملک میں داخلی تصادم، لاقانونیت اور سیاسی عدم استحکام کی سازش

آر ایس ایس کی دہشت گردانہ تاریخ اور مسلم کش پالیسیاں

واشنگٹن یوکرائن پر ماسکو حملے کی مذمت کا خواہاں!

ڈالر کی اونچی اڑان، معاشی بحران، حکومت کا کڑا امتحان!

23 شارع فاطمہ جناح لاہور۔ فون 042-36367583 فیکس 042-36367552

http:\\nidaimillat.nawaiwaqt.com.pk

PAKISTAN CIVIL AVIATION AUTHORITY (PCAA)
INVITATION TO BID

Sealed bids (in accordance with PPRA Rule No. 36(b) are invited by below mentioned office for the following requirements in Pak Rs.:-

S.#.	Description & IT No.	Tender Fee (Rs.)	Fixed Bid Security	Bid Submission Date/Time	Bid Opening Date/Time/Place	Last date for Issuance of Bidding Documents	Basis (Price)
1.	PROCUREMENT OF TYRES FOR OSHKOSH AND BARRACUDA LC(N)/2011/01/RNSN/4258	1000/-	Total Rs. 400,000/-	10-06-2022 11:00 Hours	10-06-2022 11:30 Hours Log. Center (N)	09-06-2022	F.O.R

Bids may be submitted as per conditions set out in Bidding documents obtainable from under mentioned office through request letter which must be attached with proofs of Active Taxpayer, GST/NTN certificates of the bidder. Bid documents can be obtained on **any working day between 0900 Hrs to 1300 Hrs** by paying Tender Fee (non-refundable) through bank challan **(to be submitted in original)** in CAA collection Account No. 2480700003780 3 through bank challan in Habib bank Ltd IIAP Islamabad or pay order for **(out of city firms)** in favor of PCAA. **No Bidding Documents would be issued on the bid opening date.** Bids must be dropped in Tender Box placed at under mentioned office by or before due date as per schedule. Time period for performance of contract: Till the satisfactory completion of contract and warranty period. PCAA reserves the right to accept/reject any or all bids due to cogent reasons which will be communicated to bidders on request. This advertisement is also available on PPRA website at www.ppra.org.pk, and CAA website www.caapakistan.com.pk.

Warning: Any financial instrument submitted by bidder, if found fake or got dishonored at any stage would result in blacklisting and legal action as per law.

Officer In charge Logistics Center North,
Logistics Center (North), Lehtrar Road Rawalpindi.
Tel: 051-4474195 Fax: 051-4474195
"WEAR MASKS IN INDOOR, ENCLOSED PLACES"

PID(K)#3511/21 www.caapakistan.com.pk